Fresh Notice No -235

## قرارداد

یہ معزز ایوان اس امر پر شدید تشویش کا اظہار کرتا ہے کہ ڈرائیونگ لائسنس کے اجرا کی ذمہ داری اس وقت محکمہ ٹرانسپورٹ کے پاس ہے۔ حالانکہ اس عمل کا براہ راست تعلق ٹریفک کے نظم و نسق، عوامی تحفظ اور قانون نافذ کرنے سے ہے۔

قانونی طور پر بھی یہ بات واضح ہے کہ موٹر وہیکل آرڈیننس 1965 (شق نمبر 3 تا 8) کے تحت ڈرائیونگ لائسنس کے اجرا، معطلی اور منسوخی کے اختیارات ماضی میں پولیس کے پاس رہے ہیں۔ پولیس رولز 1934 کے مطابق ٹریفک قوانین کی پاسداری، ڈرائیونگ ٹیسٹ اور لائسنسنگ امور پولیس کے دائرہ اختیار میں آتے ہیں۔ دنیا کے بیشتر ترقی یافتہ ممالک (برطانیہ، جرمنی، ترکی، متحدہ عرب امارات وغیرہ) میں ڈرائیونگ لائسنس کا اجراء ٹریفک پولیس یا قانون نافذ کرنے والے اداروں کے زیر نگرانی ہوتا ہے۔ عملی طور پر صورتِ حال یہ ہے کہ:

1۔ گذشتہ دو سالوں سے محکمہ ٹرانسپورٹ میں ہزاروں ڈرائیونگ لائسنس زیرِ التواء ہیں۔ جس سے عوام شدید مشکلات کا شکار ہیں۔

2۔ لائسنس کے اجراء میں غیر معمولی تاخیر کے باعث کرپشن اور رشوت ستانی کو فروغ ملا ہے اور سائلین کو جلدی لائسنس کے حصول کے لیے غیر قانونی رقوم ادا کرنی پڑتی ہیں۔

3۔ محکمہ ٹرانسپورٹ کے پاس نہ ضروری ٹیکنیکل سہولیات ہیں اور نہ ہی تربیت یافتہ عملہ اس کے برعکس محکمہ پولیس (ٹریفک پولیس) کے پاس بایو میٹرک سسٹم، آن لائن ڈیٹا بیس، ڈرائیونگ ٹیسٹ کی سہولیات اور تربیت یافتہ عملہ موجود ہے۔ جو بروقت، شفاف اور عوام دوست انداز میں اسی دن ڈرائیونگ لائسنس جاری کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

لہٰذا یہ معزز ایوان صوبائی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ

1۔ ڈرائیونگ لائسنس کے اجراء کا اختیار محکمہ ٹرانسپورٹ سے واپس لے کر محکمہ پولیس (ٹریفک پولیس) کو تفویض کیا جائے۔

2۔ اس مقصد کے لیے متعلقہ قوانین و ضوابط میں فوری طور پر ترامیم عمل میں لائی جائیں۔

3۔ محکمہ پولیس کو اس ذمہ داری کے مؤثر نفاذ کے لیے تمام ضروری وسائل اور سہولیات فراہم کی جائیں۔

پیش کنندہ:

جناب عبید الرحمن
رکن صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

05/09/25
MPA PK-58
M.A
MPA PK.14
Akhter Khan MPA PK5
Ajab Gul Wazir MPA
MPA PK # 110
خورشید خٹک
PK 97
محمد ارشاد خان
PK 28 1 شانگلہ

RESOLUTION

Session No. 9th

Notice No. 235

Received Time: 05:15

Received Date 05/09/2025

From Mr/Ms. ____________ MPA

Receiver Sign: [signature]